شبِ چراغ

تمدُنی۔ثقافتی تہ تہذیبی مضمون

از

محمد یوسف ٹینگ

میزان پبلشرز

ISBN-978-93-19234-13-4

عنوان:۔ شبِ چراغ

نامِ مصنف:۔ محمد یوسف ٹینگ

سن طباعت:۔ ۲۰۲۳ء

کمپوزنگ:۔ نذہت خان

قیمت:۔ شھ ہتھ روپیہ

مطبع:۔ میزان سروسز

ناشر

میزان پبلشرز

Published by

Meezan Publishers

Opp. Fire & Emergency Services Hqrs,

Batamaloo, Srinagr Kmr.

Ph: 0194-2457215 Cell : 9419002212

E-mail: meezanpublishers@gmail.com

انتساب

علمدارِ کشمیرؒ سندس پاک ناؤس

کانہہ نہ حض بوزان سأنی بارو
أسس تھوپ دِتھ أسی خاموش
کن تھو حض سانئین فریادن
وبتہ حض گومت سوئے جوش
ژأنی پڑھ، چأنی حض لادن
ہے ریشہٗ لاگے پادن پوش

دراوڑتہ کاشُر ماجہ نیار

خرخشس یُس وس کھێپہ سُے گوژاٹھ (جو شخص خشخاش کے ایک دانے کا گودا (Bone Marrow) کھا سکے وہی شاگردرشید ہے)

علمدار کشمیرؒ

تواریخ چھ تیوٗت اہم تہ اصل موضوع زیہ ھیکہ ہون نہ صرف تواریخ دانئے یوت حوالہ کرتھ یا پُشرتھ۔

راٹ ہرلیس۔انگریز ناول نگارِ

عصیانِ ما و رحمتِ پروردگار ما ایں را نہایتے نہ آں را نہایئتے (ہمارے گناہ اور پروردگار کی رحمت نہ ان کی کوئی حد نہ اُس کی کوئی انتہا)

مولانا گرامی

سنگیت تہ سائنس چھ پانہ وأنی سیٹھے سوٚن تہ گوٚن رِشتہ۔

سدھارتھ اولو کارگو(اکھ Giologist)

کانگڑی در کنار، لیلیٰ در بغل کأشرِ بن ھُند فارسی دوٚپ۔

- ہندستانس منز فرقہ دارانہ ہم آہنگی (Plurality) چھنہ سأنی مرضی بلکہ سأنی مجبوری۔

(جواہرلال نہرو(1948ء)

- دولت تہ جنس (sex) چھہِ انسانی زندگی ہنز ہ ژادرہ ہندی ییٚسنز تہ ؤونن۔

(ارا سمس)

- دنیاہس منز چھنہ کانٛہہ تیٚوتھ عظیم انسانی Mind-تھ دیوانگی ھنز ملہٕ مِش آسہ نہٕ۔

(ارسطو)

- آدم زاژ چھ بس اکوئے اصل ہتھیار۔ سو گے تہنز ماجہ زبو۔ (مارک ٹوین)

- عصیانِ ما و رحمتِ پروردگارِ ما
  این را نہایئسیت نہ آں را نہایئ ستے
  (مولانا گرامی)

- سنگیست تہ سائنس چھ پانہ وأنی سبٹھاہ سۆن تہ گۆن واٹھ۔

(سدھاراوکارلو(Geologist)

- کانگڑی در بغل۔ لیلیٰ در کنار
  کأشر یوک فارسی دوٚپ)

- ہندوستانس منز فرقہ دارانہ ہم آہنگی
  ہماری مرضی نہیں۔ ہماری مجبوری ہے
  جواہرلال نہرو۔1948

- کسی بھی انسان کا حافظہ اتنا تیز نہیں ہوتا کہ وہ ایک کامیاب جھوٹا بن سکے۔

- ہر ایک کے لئے اُسکا گھر کشمیر ہے گویا

پُشتو کہاوت۔

- میرے شہر میں مستانے بہت ہیں
مدرسے کم مگر تھانے بہت ہیں

- شیخ محمد عبداللہ کی زندگی شعور کی رو stream of conciousness کی طرح ترکیب پذیر ہوئی۔ پہلا نصف آتش فشاں سے نکلا ہوراوا اور دوسرا محبت اور مودت کی شکل میں۔

ایم جے اکبر

- جیتے جی تو کچھ نہ دِکھلائی بہار مر کے جوہر آپ کے جوہر کھلے

محمد علی جوہر

- العلم وحجاب الاکبر

(علم سب سے بڑا حجاب ہے)

- یوں تو محفل میں تھی واہ واہ میرے شعر پر
اک حسینہ تھی کہ جس کی تالیاں اچھی لگیں

- بھارت انسانی تہذیب کا گہوارہ ہے انسانی بول چال کی جنم بھومی ہے تواریخ کی ماں۔اور legend کی دادی روایات کی پردادی بھی۔

مارک ٹوین۔

- خاموشی کے بعد وہ چیز جو نا قابلِ اظہار کو سمجھانے کے

نزدیک آجاتی ہے۔وہ موسیقی ہے۔

(الڈس نکسلے)

آتش عشق وہ جہنم ہے۔جسمیں فردوس کا منظراورمزا ہے۔

(ایمرسن)

اکیس میں سے اُنیس بڑی تہذیبیں کسی یلغار سے ختم نہیں ہوئیں بلکہ اپنے اندرونی زوال کے باعث۔

(ٹوین بی)

قہقہے میں سرکاری ظلم کی شدت کو ماند کرنے یا حکومتوں کا تختہ اُلٹ دینے کی طاقت ہے۔

افلاطون

پنجابی پٹھوں اور رگوں۔امریکی ہتھیاروں اور کشمیری دماغوں نے بنگلہ دیش کا مُلک بنایا۔

(پی این۔۔۔۔)

نہیں۔نہیں۔میں اپنے شوہر کے نظریہ اضافیت نہیں Theory of relativity کو بالکل نہیں سمجھتی۔لیکن میں اپنے شوہر کو خوب جانتی ہوں اور مجھے یقین ہے کہ اُسپر پورا بھروسہ کیا جاسکتا ہے۔

السا آئینسٹائین (آئینسٹاین کی بیوی)

✤ تہذیبیں قتل کرنے سے نہیں مرتیں بلکہ خودکشی کرنے سے ___ آرنالڈ ٹوین بی

○ جب بنارس ہندو یونیورسٹی میں کوئی طالبِ علم گریجویشن پاس کرلیتا ہے تو اُسے کشمیر کی جانب آٹھ قدم چلنے پڑتے ہیں، تبھی اُس کو یہ ڈگری بخشی جاتی ہے۔

عارف محمد خان (گورنر کرالہ)
بہ حوالہ ''گریٹر کشمیر'' سرینگر
۳۱ر دسمبر ۲۰۲۲ صفحہ ۵

دوری کنڑ ___ (دیوری پتھر) اُسکو کشمیر کے قدیم ہند و مہاراج دِور سنگھ نے پہلی بار استعمال کیا اس لئے اُن کے نام سے مشہور ہوئی مہاراجہ دیور سنگھ کی کچھ عمارتوں کی باقیات اب بھی دِور پٹن میں پائی جاتی ہیں۔

○ اگر آپ کسی بات کی وضاحت آسانی سے نہیں کر سکتے تو اسکا مطلب ہے کہ آپ نے اُسے ٹھیک طور سمجھا نہیں۔

''البرٹ آئینسٹاین)

پیش کلام

میری چند حالیہ کتابوں میں کشمیری اور اُردو کے مشترکہ مضامین شامل ہیں جس پر اگر اہل نظر حرف زنی کریں تو وہ بجا اور جائز ہے۔۔۔لیکن اسکی وجہ جو مجھے ایسا کرنے پر اُکساتی ہے۔ یہ ہے کہ اُردو ہمارے یہاں ایک ایسے مہمان کی طرح رہ گئی ہے۔ جو صدیوں ہماری راج دُلاری رہی۔ لیکن اب سرکاری طور اُسکی پُشت پناہی ختم ہوگئی ہے۔لیکن میری عمر کے لوگ اور کچھ تازہ کار ادیب بھی ابھی اس کے طلسم سے باہر آنے کے لئے آمادہ نہیں ہیں۔اس لئے ہمارے ادبی دسترخوان پر ہماری مادری زبان کشمیری کے ساتھ یہ بھی اب تشریف فرما ہے اور اسکے پلّو کو تھامے نظر آتی ہے کہ اپنے جلاوطن کرنے کی کوششوں کا کچھ دیر مقابلہ کرسکے۔ اب یہ ہماری سرکاری زبان نہیں ہے اور ہمارے سرکاری عمائدین کو اسکی کوئی رغبت بھی نہیں ہے۔ بلکہ اب ہمارے سرکاری بلکہ نجی نشرگاہوں نے اسے ترک کردیا ہے اور عادت سے مجبور اگر کوئی اُردو اِصطلاح اُن کے منہ سے ادا بھی ہو تو وہ گھبراہٹ میں فوراً سرکار کی پیاری زبان میں اُسکا مُترادف بھی نشر کرتے ہیں۔لیکن کشمیری زبان کے رسمِ خط سے اس کے بیانئے تک میں اسکا جو رس جھمکتا اور جھلکتا ہے اسے شاید بہت مُدت تک روکا نہیں جاسکے گا۔ کشمیری

ہماری مادری زبان کی حیثیت سے اس کا زرہ بکتر بن گئی ہے اور یہ اُسکی آڑیں دیر تک ہمارے ساتھ رہے گی اور میرے لئے یہی اِس کتاب کے دورنگ ہونے کا جواز بنتا ہے۔



یہ کتاب میں اپنی بزرگ سالی کے خاصے بڑے برسوں میں لکھ رہا ہوں کیونکہ اس کے موضوعات پر میرے من میں ایک بڑا تموُج موجود ہے۔ یا تو اِن موضوعات کو Touch ہی نہیں کیا گیا ہے یا اگر لکھا بھی گیا ہے تو اُسمیں مزید اگر مگر کی گنجائش موجود ہے۔ مثال کے لئے اس کتاب کا حضرت امیر خسرو پر مضمون دیکھئے۔ کشمیری میں اُن کے متعلق حال ہی لکھا گیا ہے ور اِس سے بڑی بات یہ ہے کہ ہمارے بڑے دیش میں اُنکے واقعی انوکھے عوامی اور سچے سیکولر رول کو ان دیکھا کیا جا رہا ہے۔ میرے مضمون سے یہ صورت بدلے گی نہیں کیونکہ اس کے پیچھے ایک جانی بوجھی سوچ کام کر رہی ہے۔ لیکن کم از کم میرا اپنا جی تو ہلکا ہو گیا کہ میں نے اس سلسلے میں اپنا جتن کرنے میں درلگی نہیں کی۔ کتاب میں کچھ اور نئی باتوں کی جھلک ملے گی۔ لیکن بہر حال پسند و ناپسند اور حق و ناحق کا فیصلہ میرے مُعزّ قارئین ہی کرینگے۔

بہ گیر گر اینجا بود سُخندانے
غریب شہر سُخنہائے گُفتنی دارد

راولپورہ سرینگر

۳۱ر مئی ۲۰۲۳ء

سنز گول ـ کشمیر اور دراوڑ رشتے کا تازہ اِنکشاف

ہندوستانی پارلیمنٹ کے افتتاح اور اُس میں رکھے جانے والے نو دریافت شدہ عصا specter سنز گول Sengol نے کشمیر اور اُس کے قدیم دراوڑی رشتے پر ایک حیرت ناک اگرچہ کُلیتاً نامعلوم رشتے کا نقشہ آنکھوں کے سامنے لایا ہے۔

اس عصا کی دریافت نے اسقدر دھوم مچادی ہے کہ ۱۲ ہزار کروڑ سے تعمیر تکونی پارلیمنٹ کا ذکر اِسکے سامنے کچھ پھیکا پڑ گیا ہے۔ اس عصا کو اگرچہ ایک کشمیری پنڈت موتی لال نہرو کے پریاگ راج (اصل الہ آباد) میں شاندار محل نُما کوٹھی آنند بھون[1] سے لایا گیا ہے۔ لیکن اُس کے لئے تامل ناڈو سے لایے گئے بیسیوں پجاری پاٹھکوں کو نئی دلی لایا گیا جنہوں نے ویدک رسموں اور تامل منتروں کے جاپ کے ساتھ وزیرِ اعظم نریندر مودی کو سُپرد کردیا اور اسکو صداقت، اور خیر (Righeouness & goodness) کی علامت کے طور پر نئے پارلیمنٹ میں سپیکر کی نشست کے نزدیک بڑے تام جھام کے ساتھ کھڑا کردیا گیا اور وزیر اعظم موصوف نے مُنہ کے بل لیٹ کر اس کی پاکیزگی اور صداقت کو سجدہ کیا۔ اس کے علاوہ تمام پُجاریوں نے بھی اس کی شان میں اشلوک پڑھ کر سماں باندھ دیا۔ جنہیں بعد میں وزیر اعظم نے انعام واکرام سے بھی مالا مال کردیا یہ اطلاع قارئین کے لئے بڑے تعجب کا باعث بنے گی کہ کشمیر کے شوپیان قصبے میں۔ جہاں یہ سطریں لکھنے والے کی جنم بھومی ہے۔ بالکل اسی نام کی ایک شے جس کے ہجے اور تلفظ بھی عین غین سنز گول sengol بھی یہی ہے شور

مچاتی ہوئی موجود ہے لیکن یہ کوئی عصا نہیں ہے بلکہ پہاڑی ندی نالہ ہے۔ 'سنی گول' نل سے جل آنے تک شوپیان کے باسیوں کا ہی نہیں۔ بلکہ اس سارے علاقے کے لئے پینے کے پانی کا مخزن و معدن تھا۔ اور اب بھی لہروں کا ساز بجاتا ہوا شوپیان کے جنوبی کونے میں بہہ رہا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ایک عصا اور پانی کے نالے کا یہ ایک ہی نام کس حقیقت اور کس ماضی کی طرف اِشارہ کرتا ہے چونکہ یہ معاملہ بالکل نئے لباس میں ہمارے سامنے اُبھر کر آیا ہے۔ لہٰذا فی الحال یہ ایک سربستہ راز ہی رہے گا۔ جب تک کہ اس کی اصل کا اِنکشاف کرنے والا کوئی صاحبِ نظر، دیدہ ور اور بصیرت رکھنے والا محقق یا تواریخ دان ہمارے سامنے نہیں آتا۔ جو راقم کی بساط سے بالکل باہر ہے لیکن اب جبکہ یہ ایک ہی تلفظ رکھنے والی دوہری حقیقت ہمارے سامنے ایک بڑا سوالیہ نشان بن کر کھڑا ہوئی ہے۔ اس کی بعض سرسری مماثلتوں پر بات کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ کشمیری زبان پر دراوڑی زبان کے اثرات پر راقم نے مضامین کا قسط وار سلسلہ آج سے درجنوں سال پہلے قلم بند کر کے شائع کیا ہے جن سے اِسبات کا سُراغ ملتا ہے کہ کبھی کشمیر میں بھی دراوڑوں کا رہن سہن تھا۔ ابھی حال ہی میں راقم کو ملیالم زبان کا لڑکے کے لئے Kutty لفظ ملا ہے جو شمالی ہندوستان میں صرف کشمیری میں موجود ہے۔ کوٹ (لڑکا) اور کُٹ (لڑکی) میرے علاوہ کشمیر یونیورسٹی میں ڈاکٹر آفاق عزیز نے بھی کشمیری اور دراوڑ کے اس پارینہ تعلق پر بہت کچھ لکھا ہے بلکہ وہ ملہ کھاہ کو بھی دراوڑی کی بازگشت سمجھتے ہیں۔

بہر کیف جب تک سنی گول (عصا) اور سُنز گول (نالہ) کے اندرونی تعلق کی اصل دریافت کریں ایک دو باتیں جو اِس ذکر سے اُبھرتی ہیں۔ وہ یہ ہے کہ شوپیان ایک نہایت قدیم بستی ہے۔ جس کا مہادیو یعنی بھگوان شیو سے کوئی علاقہ ہے کہ یہ لفظ اُس کے پہلے نام میں ہی گونجتا ہے۔ دوسرے یہ کہ شوپیان کا سُنز گول شوپیان میں بسنے والا قدرتی نالہ نہیں ہے بلکہ یہ رنبی آرہ سے مصنوعی انداز سے اُبھار کر بنایا گیا ہے۔ (یاد رہے کہ آرہ دراوڑی لفظ آرو کا کشمیری version ہے، اسکو رنبی آرہ سے نکال کر شوپیان قصبے میں بہایا گیا۔ اور یہ قصبے کا

واحد ذریعہ آب ہے۔ اگر یہ شوپیان سے نہ بہتا تو صرف یہ قصبہ ہی نہیں بلکہ اِس کے نیچے کے سینکڑوں گاؤں بھی پانی سے محروم رہتے کہ اُنکا بھی صرف یہی ایک ذریعہ ہے۔ اس طرح سے Rigtousness یعنی عدل وانصاف اور نیکی کا پرتیک بن جاتا ہے۔ اور یہی نہیں پارلیمنٹ میں رکھے گئے sengol کے معنی بھی یہی بتائے گئے ہیں۔ جس طرح بدی اور بُرائی کی مختلف بدعتیں اور صورتیں ہوتی ہیں۔ اس طرح نیکی کی بھی الگ الگ شکل وصورت اور روپ سروپ ہوتے ہیں۔ Sengol کے دراوڑی مفہوم سے اس طرح شوپیان کا یہ نالہ بھی ہم آہنگ اور مترادف بن جاتا ہے۔ اور میری نظر میں یہ سینگول پارلیمنٹ کے sengol کے مفہوم کی کثرت مگر اصلیت کے برابر آتا ہے۔ اس کے بہاؤ کی صورت کو پارلیمنٹ کے sengol کے جماؤ اور ہمارے نالے کے بہاؤ کی وضاحت اور تفسیر کرنا اہل نظر کی ذمہ داری ہے۔ جسکی گہرائیوں کو دریافت کرنا راقم کے ذہنِ نارسا کی کاروائی سے بہت دور کا معاملہ ہے۔



ل آنند بھون۔ الہ آباد کا آنند بھون دراصل ایک اُردو لفظ کا ترجمہ ہے۔ مشہور اُردو مزاحیہ شاعر اکبر الہ آبادی نے اپنے بیٹے کے نام پر اپنے نئے گھر کا نام عشرت منزل رکھتا تھا۔ چنانچہ اُن کا ایک شعر ہے۔

عشرتی گھر کی محبت کا مزا بھول گئے　　　کھا کے لندن کی ہوا عہدِ وفا بھول گئے

پنڈت موتی لال نہرو جو الہ آبادی کے ہم عصر تھے اور اُردو فارسی کے بڑے سکالر کو یہ نام اتنا پسند آیا کہ اُنہوں نے اپنی نو تعمیر شدہ کوٹھی کا نام اسکا ہندی ترجمہ کر کے رکھ دیا۔ یعنی آنند بھون۔ جہاں گذشتہ پچھتر سال سے

sengol کا عصا نمائش کے لئے رکھا گیا تھا۔

فہرست

علمدار کشمیرؒ کا عالمی نور اور ظہور

عالم پناہ اور عالی جاہ کے کلام کے تازہ انگریزی تراجم

حضرت شیخ نور الدین ولیؒ کشمیری اولیاء کے سرخیل ہیں اور اسی لئے اُنکی حیات مبارکہ میں ہی اُنہیں علمدار کشمیرؒ جیسے عظیم الشان خطاب سے سرافراز کر کے تواریخ کشمیر کی شاید سب سے بڑی عوامی، مذہبی اور تمدّنی شخصیت کے طور پر اُستوار کیا گیا۔ اُنکے اس بڑے پن میں اُن کے وِصال کے تقریباً سات سو سال کے بعد بھی روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے اور اُن کی خیال انگیزی کے نِت نئے گوشے سامنے آ رہے ہیں۔ چرار شریف میں اُن کا بُقعہ مبارک اتنی صدیوں کے بعد آج بھی کشمیری عوام کی سب سے محبوب اور مرغوب زیارتوں میں بالا قامت ہے۔ وہ اپنے مذہبی تقدّس کے علاوہ اپنے عوامی کردار اور تہذیبی اور ثقافتی ترجمان کی حیثیت سے ممتاز ہیں۔ لیکن جیسا حقیر راقم نے کئی سال پہلے لکھا تھا کہ ہم اُن کی عظمت کے مینار کو وادی کی بلند و بالا کوہستانی چوٹیوں سے باہر اپنے پورے اقتدار وقار اور اعتبار کے ساتھ سر بلند نہیں کر سکے ہیں۔ وہ ہندوستانی بھگتی تحریک سے بہت پہلے انسان دوستی اور انسان نوازی کے مقامات کی نشاندہی اور علمبرداری فرما چکے تھے۔ کشمیر کے اندر اُنہوں نے اسکی عظمت و حشمت کا احساس اور اعتراف

کر کے اُس کے عملی نشانات لوحِ زمانہ پر ثبت کر کے چھوڑے ہیں۔ لیکن ہم اپنی کوتاہیوں کے سبب اِس علم و فضل۔ جمال و کمال اور شہ زوری اور شاہ سواری سے بیروں کشمیر بہت عرصے تک اُن کے شایان شان طور طریقے سے اُبھار اور نکھار نہ سکے۔ حالانکہ ہماری تہذیبی ماں اور قومی مادر نشاں للِ دید کے کلام کا ساری دُنیا میں ڈنکہ بج رہا ہے۔ اسمیں شاید اسباب کا بھی دخل ہوسکتا ہے کہ اُن کو بہت پہلے سر جارج گریرسن۔ ہنسٹن نولز۔ اِرنسٹ نیو۔ آنند کول بامزیی پروفیسر جیالال کول اور بہت سے دوسرے پنڈت صاحبان کی کتابوں تراجم اور تشریحات کا توشہ حاصل ہوسکا اور اسی لئے کشمیری ادب کی بلندی کا اندازہ دیش بدیش میں اُنہی کے کلامِ بلاغت نظام سے کیا جاتا ہے۔ بلکہ میری اطلاعات کے مطابق صرف کرناٹک کی کنڈ زبان میں اُن پر تقریباً دو درجن کتابیں شایع ہوچکی ہیں۔ اور نیلا کرام کرُک کے انگریزی ترجے The way of the swan نے امریکہ بلکہ سارے انگریزی دان دُنیا میں اُن کو مُتعارف کردیا ہے اور اس طرح ہم کشمیریوں کا سر فخر سے اونچا کردیا ہے۔

لیکن عشق اور مشک چھپائے نہیں چھپتے۔ للِ عارفہ کا ہم نواء ہونے کے باوجود یہ امر ظاہر ہے حضرت شیخ کے کلام میں زیادہ وُسعت گہرائی اور ہمہ گیری ہے اور اپنے مذہبی تقدُس کے باعث اُن کا کلام زیادہ بہتر اور صاف صورت میں ہم تک پہنچا ہے اور ابھی کشمیر میں شاید ہی کوئی ایسا گھرانہ ہوگا۔ جہاں اُن کے کلام کا کچھ حصہ وہاں کی خواتین کو ازبر نہ ہوگا۔ جو نا خواندہ ہوں تو ہوں مگر اپنی زمین سے جڑی ہوتی ہیں۔ اُن کے کلام کا للِ دید سے زیادہ متن جو ہم تک پہنچا ہے۔ اسکی یہ ایک اور وجہ ہے۔ لیکن اچھی اور تازہ خبر یہ ہے کہ اُن پر حال ہی میں آسٹریلیا سے بڑے

سائز کی تین کتابیں شایع ہوئی ہیں ان کے بالترتیب عنوان یوں ہیں :-

1) Diwan of Nund Rishi___A great Sofi poet of Kashmir.

2) Nund Rishi __A great Kashmiri Sofi poet.

یہ دونوں کتابیں پال سُمتھ نے ترتیب دی ہیں۔ اُن کا سرورق یوں رقمطراز ہے۔

Selected poems of Sheikh Noor-ud-Din : Translation & Introdution by Paul Smith.

ان کے پبلشر کا نام یوں درج ہے:

New Humanity Books, Book Heaven, Book sellers and Publishers, Cambelles crack 47. Main Road, Victoria 3451, Australlia.

ان ہی پبلشر نے 4 بڑی تقطیع کی کتاب مندرجہ ذیل عنوان سے شایع کی ہے۔

Three great Sufi poets of Kashmir Lal De, Nund Reshi, Ghani Kashmiri.

ان کتابوں میں علمدارؒ کے چرارشریف کے آستان کی تصویریں شامل کی گئی ہیں اور ایک کے سرورق پر علمدارؒ کی وہ تصویر ہے جسمیں وہ حضرت بابا نصرالدینؒ کے ساتھ ہیں۔ اسکی اصل کشتواڑ میں سید اصغر علی صاحب کے یہاں موجود ہے۔ یہ کہنا ضروری ہے کہ کتابیں انتہائی دیدہ زیب سرورق اور بہت ہی اعلیٰ کاغذ پر چھپی ہوئی ہیں اور اُنکا متن اتنا صحیح اور شُستہ ہے کہ انگریزی تو انگریزی کچھ کشمیری الفاظ جسکا علمدارؒ نے استعمال کیا ہے اُن کے ہجے بھی چُست اور دُرست ہیں۔ مثلاً 'اِر کھوٗل' درخت کے۔

حضرت علمدارؒ کے شلوک کا ترجمہ منظوم ہے اور کئی صورتوں میں اُنہی مصرعوں اور اوزان میں جو حضرتُ کے کشمیری کلام کا خاصہ ہیں۔ اُن کی حیاتِ طیبہ کو پوری طرح سے بیان کیا گیا ہے اُن کے والد شیخ سالارالدین اور اُن کی ماں صدرہ ماجی کے حالات اور اُن کے مسلمان ہونے کا پورا ماجرا بھی بیان ہوا ہے۔ کتاب میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ حضرت علی مرتضیٰؓ سب سے پہلے صوفی تھے اور اُنہوں نے ہی سب سے پہلی غزل بھی کہی۔ جسکے ایک مصرعے کا مفہوم یوں ہے ___ تم جو ہستی ہو۔ اُسمیں وہ سب کچھ موجود ہے، جو کہیں اور نہیں سمو سکتا تھا اور جسے کبھی کسی طرح سمویا ہی نہیں جاسکتا۔ آگے لکھا گیا ہے کہ مشہور فارسی شاعر حافظ شیرازی بھی اپنے آپ کو درویش کہہ کر ہی یاد کرتا ہے۔ کہا گیا ہے کہ اُن کے وقت میں شیراز میں ایک نقلی شیخ بھی تھا جس نے ہمیشہ جابروں اور ظالموں کا ساتھ دیا اور جس نے شدید ترین بنیاد پرستی کو سر چڑھایا اور اپنے آپ کو صوفی بھی قرار دینے لگا۔ چنانچہ حافظ کو اِس اصطلاح سے چڑھ ہوگئی بلکہ اُس نے نام نہاد صوفیوں کی اپنے کلام میں خوب خبر لی ہے۔ کتاب میں یہ انکشاف بھی کیا گیا ہے کہ اگرچہ مشہور زمانہ منصور الحلاّج

عربی میں شعر کہتا تھا اور اُس نے اسی میں ''انا الحق'' کی تکبیر بھی بلند کی۔ لیکن دراصل وہ خود فارس کا باشندہ تھا اور وہ بھی شہرِ شیراز کا۔ جہاں حضرت شیخ سعدی۔ شمس الدین حافظ اور عُرفی جیسے شعرا نے جنم لیا۔ تصوّف سے مُتاثر شاعروں کے متعلق سُمتھ کا کہنا ہے کہ اُن کا سب سے پہلا اصول حُبِ اللہ تھا۔ وہ خدا کی تمام مخلوق کی تعظیم اور محبت اپنا بنیادی اصول سمجھتے تھے کسی کو آزار نہ پہنچانا۔ حسن اور خیر کو اپنا مسلک بنانا۔ اُنکا خاص مسلک تھا۔ سُمتھ لکھتا ہے'' ایران کے شاید سب سے بڑے حافظ شناس مسعود مرزا کے مطابق انگریزی یا یورپ کی کسی زبان میں غزل جیسی کوئی صنفِ نہیں ہے اگر انکی کوئی شعری صنفِ غزل کے اِرد گرد منڈلاتی ہے تو وہ Sonet ہے۔ بتایا گیا ہے کہ غزل اُن گیتوں سے پنپی جو اسلام کی وہاں آمد سے پہلے فارس کے شاہی درباروں میں گائے جاتے تھے۔ غزل کے اصل معنی یعنی Root عربی گرامر کے حساب سے دھاگے بنانا اور بُننا تھا۔ لیکن فارسی نے اِسے ایسے اپنا لیا کہ چودھویں صدی مسیحی تک اسمیں نظامی، عطّار، رومی اور سعدی جیسے پُختہ سخن گو سامنے آچکے تھے۔ لیکن حافظ نے اسے سچ مچ بامِ عروج تک پہنچایا کتاب میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ علمدارؒ کا اصل نام نُندہ رکھا گیا تھا۔ لیکن حضرت میر محمد ہمدانیؒ نے اُن کو شیخ نورالدین کا تشخص دیا۔

کتاب میں علمدارؒ کی پیدائش کے متعلق دو روایات نقل کی گئی ہیں۔ پہلی کہ ایک دِن شیخ سالار دین اپنی دُلہن صدرہ کو اپنے مُرشد یاسمن ریشی کے پاس لے گئے۔ وہاں کشمیری شاعرہ لل دید (1320-1390) بھی موجود تھیں۔ جس کے ہاتھ میں ایک مہک دار گل دستہ بھی موجود تھا۔ یاسمن ریشی نے لل دید سے لے کر اِسے صدرہ کو دیا اور کہا کہ اِسے سونگھو۔ صدرہ نے ارشاد کی تعمیل کی اور اُسی رات

اُس کے حمل ٹھہر گیا۔ جب مقررہ مُدت کے بعد اُس کے یہاں تولّد ہوا تو نومولود کا نام نُندہ ریشی رکھا گیا۔ دوسر یکھیچو گی پورہ کے چشمے پر یاسمن اور اِرنی کے دو پھولوں کی وہ روایت ہے۔ جو ہمارے تذکروں میں موجود ہے۔ لیکن یہاں کہا گیا ہے کہ یاسمن سونگنے والی صدرہ نے تو نندہ ریش کو جنم دیا۔ لیکن جس پنڈ تانی نے ارنی کا پھول سونگھا۔ اُس نے بُمہ سادھ کو جنم دیا جسے آج ہم بابا بام الدینؒ کے نام سے جانتے ہیں۔ اور جواب بُمہ زوگاؤں میں آسودہ ہیں۔ اُس کے بعد وہ روایت دُہرائی گئی ہے کہ جب نُندہ ریشیؒ پیدا ہوئے تو اُنہوں نے ماں کا دودھ نہیں پیا۔ چنانچہ لل دید وہاں نمودار ہوگئی اور اُس نے اپنی چھاتی اُن کے منہ میں ڈال کر زور سے کہا ''چیہ چیہ زینہ مند چھوک نہ چینہ کیازہ چھک مند چھان'' اور نوزائدہ غڑ غڑ دودھ پینے لگا۔ پھر لل دید نے صدرہ سے اُسکا نام دریافت کیا اور وہ سُن کو بولیں'' ہاں ہاں سمندر میں ہی ایسے موتی سما سکتے ہیں''۔ اُس کے بعد نُندہ ریشیؒ جوان ہونے کو آئے تو اُن کے والدین اُنہیں دنیاوی کاروبار سے وابستہ کرنا چاہتے تھے۔ لیکن نُندہ ریشیؒ ہرگز اسپر مائل نہیں ہوئے۔ اُنہوں نے کیموہ کی ایک گُپھا کا اِلتزام کیا اور وہیں بارہ سال تیاگ میں مشغول رہے۔ اُن کی ماں کئی بار اُن کے پاس گئی۔ کبھی اُن کو اپنی اہلیہ اور بچوں کا واسطہ دیا اور۔ کبھی اپنی نازک کاٹھی کو اذیتوں سے بچانے کی استدعا کی۔ لیکن وہ سب کچھ اَن سُنی کر کے اپنے مِشن میں مگن رہے۔ وہ برابر ہَند (endue) اور وو پل ہا کھ پر ہی گذارہ کرتے رہے۔

ایک دن نُندہ ریشی ویری ناگ جا رہے تھے کہ ھِہلر گاؤں میں دیکھا کہ وہاں ایک شخص نے ایک درخت کے تنے کی کاٹ چھانٹ کر کے وہاں ایک Hollow بنایا تھا اور اُسی میں بیٹھ کر ریاض رہا تھا۔ نُندہ ریشی اسپر بہت بگڑ گئے اور اُس شخص کو بتایا

''کیا تمہیں اس درخت کو خراب کرتے ہوئے شرم بھی نہیں آئی۔ عبادت کرنی تھی تو کسی گُپھا میں بیٹھتے''۔ اُس نے اُسکا نام پوچھا تو اُس نے جواب دیا۔'' سوزُون''(goodman) حضرت نے دہاڑتے ہوئے کہا کہ تم کیسے سُوزن ہو کر درخت کو خراب کر سکتے ہو۔ اِس لیے تم ''کوزون''(Badmam) ہوا ایسا ہی شخص اتنا خراب کام کر سکتا ہے۔ اُس کے بعد سُمتھ لکھتا ہے۔ کہ حضرتؒ 1438ء میں اکسٹھ سال کی عمر میں رحلت فرما گئے۔ اُن کی وفات روپہ ون میں ہوئی لیکن اُنکا جنازہ چرار شریف سے مُتصل نفل ٹینگ میں ادا کیا گیا۔ جس میں ہزاروں لوگوں کے علاوہ بادشاہ وقت سلطان زین العابدینؒ بڈشاہ نے بھی شمولیت کی ____ اِس کے بعد ایک بہت ہی غلط بات لکھی گئی ہے وہ یہ کہ حضرت علمدارؒ کو نقل ٹینگ پر ہی آسودہ کیا گیا ہے ____ یہ سراسر غلط ہے اور سب کو معلوم ہے کہ نقل ٹینگ سے اُن کے جسد کو نیچے لا کر سنگرام ڈار کے باغ میں آسودہ کیا گیا۔ جہاں آج سات سو سال سے اُنکی زیارت مرجع خاص و عام ہے۔ جہاں مغلِ اعظم اکبر بادشاہ۔ مہاراجہ گلاب سنگھ۔ صد بیدار عطا محمد خان کے علاوہ شیخ محمد عبداللہ بخشی غلام محمد اور دوسرے وزرائے اعلیٰ بھی وقت وقت پر حاضری دیتے رہے ہیں ____ سُمتھ نے افغان صوبیدار عطا محمد خان کی طرف سے 1808ء میں حضرت کی یاد میں سکّے جاری کرنے کا بھی ذکر کیا ہے جس ''پر سکہ شُد جاری زِ شاہ نور الدین'' کی عبارت درج تھی۔ سُمتھ نے یہ بھی لکھا ہے کہ کشمیر یونیورسٹی نے اُن کے اعزاز میں اُن کے نام پر شیخ العالمؒ چیر یئی مرکز نور کے قیام کی سعی بھی کی ہے۔ سُمتھ نے اپریل 1995ء میں فوج اور ملی ٹنٹوں کے درمیان جھڑپ میں اُن کے آستانہ عالیہ کی آتشزدگی کا بھی ذکر کیا ہے اور بتایا ہے کہ اس واردات میں زیارت کے بیش بہا نو

ادرات اور کتابیات کا بھی نقصان ہوا۔ جن میں قرآن مُقدس کے کچھ قدیم اور خوش نُما نسخے بھی شامل تھے۔ سمتھ نے اِسبات کو تسلیم کیا ہے کہ شیخ نور الدینؒ نے ہی کشمیر کے ریشی مسلک کی شروعات کیں۔ وہ لکھتا ہے کہ اس سلسلے نے کشمیر کے ethinic نیشنل، سوشل، اور کلچرل سماج کو زبردست مُتاثر کیا ہے اور گلوبل اسلام کو بھی ایک امتیازی contribution عطا کیا ہے۔ وہ ستارہویں صدی کے مصنّف اور شاعر بابا نصیب الدین کے اِس ارشاد کو بھی نقل کرتا ہے کہ وادی کشمیر جسے فردوس بریں کہا جاتا ہے۔ کی کشش اور رعنائی کا فخر اُن روایات کو جاتا ہے۔ جنہیں ریشی سلسلے نے قائم کیا ہے۔ سُمتھ نے ''تزکِ جہانگیری'' سے بادشاہ کا یہ تاثُر بھی نقل کیا ہے کہ اگرچہ ریشی بلاغت کا دعویٰ نہیں کرتے۔ مگر اُنکی سادگی۔ انسان دوستی اور شرافت بے مثال ہے، وہ گوشت نہیں کھاتے عیال پروری نہیں کرتے۔ مگر جگہ جگہ میوے دار درخت بوتے اور پالتے ہیں۔ تاکہ عوام اُن سے مستفید ہوں۔ وہ اپنے لئے کسی بخشش کے روادار نہیں۔ اُن کی موجودہ تعداد دو ہزار کے قریب ہے۔ اُنہوں نے اپنی شاعری کو خُدا آگہی کے لئے وقف کر دیا ہے۔ اور وہ نام نہاد مُلاؤں اور غرض مند مذہبی ٹھیکے داروں سے نہ صرف کوئی علاقہ نہیں رکھتے۔ بلکہ اُن کو آڑے ہاتھوں لیا کرتے ہیں۔ خود حضرت شیخ العالمؒ کی ابیات کو شرک کہہ کر پُکارا جاتا ہے۔ اُنہوں نے اپنی پیش رو اور پیشوا للِ دید کی طرح عوام کے ساتھ زندگی گذاری اور اُن کے دُکھ سُکھ اور نجات کی بات کی۔ وہ اُن کے وژن کا سلسلہ حافظ شیرازی سے بھی ملاتا ہے۔ جو بقول اُس کے نند ریشیؒ کی پیدائش کے پندرہ سال بعد رحلت کر گیا۔

پال سُمتھ نے حضرت شیخ کے 172 واکھوں کا ترجمہ کیا ہے۔ نمونے کے طور

پر یہ واکھ ملاحظہ ہو۔

One empty brags and one full, is sober; parrot; is not talking, crow becomes eagle; rich cant leave ground because of wealth .....In forest is the falcon, in planes the eagle.

مختصر یہ کہ یہ امر ہم سب کشمیریوں کے لئے باعث مسرت اور اطمینان ہے کہ شیخ شناسی کا دائرہ ہر گذارتے دِن کے ساتھ وسیع تر اور بہتر ہو رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پال سُمتھ کی ان کاوشوں سے انگریزی دان طبقے میں حضرت شیخؒ کا عرفان بڑی حد تک عام ہو جائیگا اور دنیا ہماری روحانی ماں لل دید کے ساتھ اُن کی کشمیری کشف و کرامات کے ساتھ کشمیری زبان کی فصاحت، بلاغت کی قائل ہو جائے گی اور نہ صرف کشمیری زبان بلکہ خود کشمیر کی روحانی عظمت اور ثقافتی اہمیت کی اصلیت بہتر طور آشکارا ہو گی۔



■ پیشِ ما تعظیم دانشوراں بہ از دانشوری است
نکتہ دانی سہل است وقدر دانی مُشکل است
مُلا طاہر غنی کشمیری

صاحبزاد حسن شاہ۔ سہ آتشہ اور دو آبہ

1962ء میں جب مجھے مرحوم علی جواد زیدی کے حُسنِ اخلاق سے کلچرل اکادمی میں نوکری ملی تو اکادمی ایک نوزایدہ بچے کی طرح اپنی جد و جہد زیست کے لئے ہاتھ پاؤں مار رہی تھی۔ زیدی کی بصیرت اور اُن کی مُلازم نوازی نے ہمیں بہت لاڈلا بنا دیا تھا کہ ایک دِن اچانک صاحبزادہ حسن شاہ اکادمی کے مُنتظم بنادیئے گئے۔ اُن کا آنا اکادمی کے لئے نہ سہی۔ اِس کے ملازمین کے لئے ایک بھونچال سا تھا۔ سخت گیر۔ غصہ آور۔ سنجیدہ چہرہ اور حرکیاتی نگہبانی کا ایک نیا کلچر پیدا ہو گیا۔ کوئی ملازم چند منٹ دیر سے پہنچا تو شامت میں گرفتار ہو گیا۔ کوئی ساتھی کسی دوسرے ساتھی سے ملنے کے لئے پاس والے کمرے میں گیا۔ تو آفت میں گرفتار ہو گیا۔ راقم الحروف تازہ تازہ وارِد ہوا تھا۔ اور ایک پیدائشی دیہاتی لڑکے کی طرح سلام وکلام اور تابعداری اور فرمانبرداری کے مصنوعی گُر نہیں جانتا تھا۔ اس لئے میں اُنکی تجربہ کار مگر شربار نظروں کا خصوصی شکار بن گیا۔ اور پھر ایک اور بدقسمتی کہ اُن کی محبوب زبان اُردو کے رسالے شیرازہ کا مدیر تھا۔ میرے رشحاتِ قلم میں وہ کوئی زیادہ کچرا وغیرہ نہ نکال سکتے تھے۔ لیکن میرے اُردو بولنے سے وہ بہت چڑھتے تھے۔ ہم کشمیریوں کی مادری زبان اُردو نہیں ہے اور ہم میں سے زیادہ لوگ

اِس کے پُر تکلف اور پُختہ تلفظ پر پورے نہیں اُترتے۔ ہماری تعلیم گاہوں اور تربیت گاہوں کے اُستادوں کی بھی کیفیت ہے۔ لہٰذا صاحبزادہ صاحب میری بول چال پر صرف ٹوکتے نہیں تھے۔ بلکہ ٹھوکتے بھی تھے۔ اُن کی نگاہیں خشمگین اور اُن کی آواز گرجدار ہوجاتی تھی۔ غنیمت یہ تھا کہ وہ کبھی ہاتھ اُٹھانے کی زحمت نہیں کرتے تھے۔ اِس لئے ہمارے جسم کے ساتھ ہمارے کپڑے بھی اپنی خیر مناتے تھے۔ میرا ماجرا یہ تھا کہ اُن کی آمد سے بہت پہلے میں دفتر پہنچ جاتا اور پھر اپنی میز پر نظریں نیچے کرکے دُبکا پڑا رہتا تھا کہ شہباز کی نظر مجھ پر نہ پڑے اور میں شدت اور سخت کلامی سے بچا رہوں۔ لیکن میں اُن کا من بھاتا نشانہ اور ٹھکانہ بن چکا تھا اور اُنہیں اپنی تُند مزاجی کی تسکین کے لئے میری خاص تلاش رہتی تھی تاکہ وہ اپنی خشونت کا بوجھ بار مجھ پر نکال کر پھر ہلکے پھلکے مزاج میں پھلیں پھولیں اور کارفرما ہوجائیں۔

میں آفت کا مارا کسی نہ کسی طرح اِس زبانی قہر سامانی سے کسی حد تک بچنے کی کامیاب کوشش کرتا رہتا تھا۔ مگر اُن کی زبانی نشتریت اور خنجر زنی سے بچنے کی کوئی بھی سبیل نہیں نکال سکتا تھا۔ جونہی رسالہ چھپ کر آجاتا وہ اس کو کھولنے کے لئے اپنی پلکوں کے تیز ہتھیار نکالتے اور رسالے کی ایک ایک سطر کو اِس باریک بینی سے پڑھتے۔ جس طرح کوئی فوجی، چور کے کپڑوں جیبوں اور تن بدن کے ایسے اعضا کی تلاشی لیتا ہے۔ جہاں کسی شے کے چھپائے جانے کا شُبہ ہو۔ ضخیم رسالے کے صفحات میں پُروف کی چھوٹی موٹی غلطیاں کبھی رہ جاتی ہیں۔ خاص طور اُس زمانے میں جب اُردو کے ٹائپ رائیٹر اور اِس کے پڑھنے والے ماہر نہیں آئے تھے۔ ایک عام کشمیری خوشنویس بھی اُردو کا ماہر نہیں ہوتا اور پُروف ریڈنگ کے باوجود کہیں کہیں کوئی غلطی اُن سے زیادہ تر نادانستہ طور چھوٹ جاتی ہے۔ وہ اِسی غلطی کو

اس طرح پکڑ لیتے تھے۔ جس طرح آج کل سیکورٹی فورسز کسی قسمت کے مارے نو آموز مجاہد سے کوئی اے۔ کے۔ 47 رائفل پکڑ کر اُس کے ساتھ اُسی طریقے کا سلوک کرتے ہیں۔ مجھے کئی بار ایسا لگتا کہ نہ صرف مجھے اپنی نوکری سے نکال دیا جاسکتا ہے بلکہ شاید اِس سے بھی شدید سزا دی جائے گی۔ صاحبزادہ صاحب جتنے عرصے اکادمی میں چابک زنی کے منصب پر رہے۔ وہاں کوئی تحقیقی یا تخلیقی کام نہ ہوسکا۔ اس لئے اس دورِ عقوبت کا کوئی قابل داد کام کہیں موجود نہیں ہے اور ویسے بھی سخت گیر ماحول میں کوئی اچھا تخلیقی کام نہیں ہوسکتا۔

خاکسار کو یہ علم نہیں ہے کہ اُن کو جلد ہی کس وجہ اس جگہ سے خارج کر کے یکسر فارغ کر دیا گیا۔ اور اکادمی کا اپنا مزاج اور میزان بحال ہوگیا۔ سچ ہے کہ بے جا سخت گیریوں میں تخلیق اور اُپج کے چشمے سوکھ جاتے ہیں۔ آزادہ روی اور سرمستی ہی ہر اچھی اختراع اور تہذیب کی توسیع کا میدان تیار کرتی ہے۔ قہر اور مہر میں بہر حال فتح مہر اور مہربانی کی ہوجاتی ہے۔ لیکن صاحبزادہ حسن شاہ ایک بہت قابل تاریخ دان اور مُستعد اُستاد بھی تھے۔ میں نے اُنکا نام پہلے ایس۔ پی۔ کالج میں تواریخ کے اُستاد سے سُنا۔ جہاں اُن کی سکالرشپ کی بڑی دھاک تھی اگر میرا حافظ غلطی نہیں کرتا تو وہ کچھ عرصہ اِس کالج کے پرنسپل بھی رہے۔

اُن دِنوں شمیم صاحب مرحوم کے ساتھ میں جموں و کشمیر کے سرکاری رسالے 'تعمیر' کی ادارت میں شامل تھا۔ وہاں ہم نے کشمیر کی تاریخ کے متعلق اُن کے کچھ مختصر مضمون شایع کئے۔ جنہیں عام طور پسند کیا گیا۔ خاص طور شمیم صاحب اِن کے بڑے مُعترف تھے۔ بہر حال۔ صاحبزادہ صاحب ادبی حساب سے بڑے عالی نسب تھے۔ اور اُن کے حوالے سے ایک مقامی مکتبِ اُردو کے فروغ و فراغ تک

رسائی ہوتی ہے اور یہی بات اِس مضمون کو لکھنے کی وجہ بھی بنی۔

اُردو میں ڈراما یعنی ناٹک کی آج بھی کوئی بہت مضبوط وجودیت نہیں ہے۔ بیسویں صدی میں تو یہ بالکل بچوں کی طرح پاؤں سمانے کے لئے کوشش کر رہی تھی۔ مرحوم آغا حشر نے کچھ اچھے ناٹک سٹیج کیے تھے۔ لیکن وہ اُن کے مادرِ وطن جموں اور کشمیر سے دور بمبئی وغیرہ میں دھوم مچا رہے تھے۔ اِسی دوران جموں میں محمد عمر اور نور الٰہی دو ڈراما نگاروں نے ایک تاریخ ساز کارنامہ کر ڈالا۔ جسکی وجہ سے ہماری ریاست کا نام اُردو ڈرامہ نگاری کے میدان میں ہمیشہ ایک بڑے گُنبد کی طرح سایہ فگن رہے گا۔ اُنہوں نے 'ناٹک ساگر'، نامی بڑی پُر حجم کتاب لکھ ڈالی۔ اِس کتاب نے اُردو ناٹک نگاری میں انقلاب پیدا کیا کچھ اہل نظر نے یہاں تک مبالغہ کر کے لکھا کہ سارے ہندوستانی ادب میں ایسی کوئی اور کتاب موجود نہیں۔ یہاں صرف دو بڑے اُردو نقادوں کی آراء مختصراً درج کی جا رہی ہیں۔ بابائے اُردو مولوی عبدالحق نے لکھا "کتاب کیا ہے۔ درحقیقت ایک ساگر ہے۔ اِس سے پہلے کبھی اِس تفصیل اور جامعیت کے ہاتھ کسی نے اِس موضوع پر بحث نہیں کی تھی۔"

علامہ دتاتریہ برجموہن کیفی نے "ناٹک ساگر" کی تمہید میں تحریر کیا۔

"آج تک ہندوستان میں کسی زبان میں ایسی بسیط اور ہمہ گیر کتاب نہیں لکھی گئی ہے۔ جہاں تک ناٹک ساگر کی علمی حیثیت اور ادبی منزلت کا تعلق ہے علامہ اقبال اور مولانا ابوالکلام آزاد نے بھی اس کو سراہا ہے اور اِسے اُس وقت پنجاب یونیورسٹی کا انعام بھی حاصل ہوا تھا۔"

اسی کتاب کے ایک مصنّف محمد عمر صاحب پیرزادہ حسن شاہ کے والدِ تھے۔ صاحبزادہ عمر 1888ء کو جموں میں پیدا ہوئے اُن کو اپنی خالہ نے گود لیا۔ جن کی

اپنی کوئی اولاد نہ تھی بتایا گیا ہے کہ اُن کو اس شفقت و محبت سے پالا گیا کہ آپ ماما کے لاڈ پیار سے مالا مال ہوتے رہے۔صاحبزادہ کے نانا میاں لعل دین مہاراجہ کشمیر پرتاپ سنگھ کے حواری اور درباری تھے۔ جموں میں تعلیم مکمل کرنے کے بعد اُنہیں اعلیٰ تعلیم کے لئے لاہور بھیج دیا گیا۔ جو اُن دِنوں جموں کا بس ایک دساور جیسا تھا۔اُن کی شادی نور الٰہی کے برادرِ اکبر میاں فضل الٰہی بار ایٹ لاء کی بیٹی سے ہوگئی۔محمد عمر ریاست میں ملازمت کے دوران بڑے بڑے عہدوں پر رہے اور اِس دوران اُردو زبان کی ترقی و ترویج میں بھی لگے رہے۔ اُنکا انتقال ۳۰ر اکتوبر ۱۹۴۶ء کو جموں میں ہوا اور اپنی جنم بھومی میں پھر خاک نشین ہوگئے۔

صاحبزادہ عمر نے ناٹک ساگر کے علاوہ اور کئی کتابیں لکھیں۔مگر ۱۹۴۷ء میں جموں کے مسلم کُش فسادات میں اُن کی بہت سی غیر مطبوعہ کتابیں اور تحریریں اور مواد ضایع ہوگئے۔لیکن اُن کے بیٹے ساجبزادہ حسن شاہ صاحب کی کوششوں سے اُن کا بہت سا ادبی کلام بچالیا گیا۔

صاحبزادہ حسن شاہ کشمیر کے وزیر اعظم شیخ محمد عبداللہ کے بہت قریب تھے۔ اور جب وہ پاکستان چلے گئے تو اگرچہ شیخ صاحب اُس وقت اِقتدار میں نہ تھے۔ لیکن اُنہوں نے اپنے والد کے بہت سے مسودات اپنے ساتھ لے لئے ، وہاں اُنہوں نے انہیں محفوظ کرنے کی غرض سے پشاور یونیورسٹی کے وائیس چانسلر چودھری محمد عباس کے سپُرد کر دیا اور گمان ہے کہ اُنکو شایع بھی کر دیا گیا ہے۔ صاحبزادہ حسن شاہ اُردو ادب کے بڑے اچھے پارکھ تھے۔اُنہوں نے راقم سے کہا کہ برٹش حکومت نے دلی میں اُردو کے مشہور ناول نویس منشی نذیر احمد کو Indian Penal Code کے ترجمے کا کام دیا۔اور منشی نذیر نے نہ صرف اسکا عمدہ ترجمہ

کیا بلکہ اِس کے عنوان کے تین الفاظ کو اُردو میں صرف دو الفاظ میں محدود کر دیا۔ یعنی لعین ''تعزیراتِ ہند'' اور یہ اب بھی اس نام سے جانی جاتی ہے۔

صاحبزادہ کے بڑے برادر صاحبزادہ محمود احمد بھی کشمیر نشین تھے اور وہ اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے جن میں ڈایریکٹر آرکائیوز آرکیالوجی اور میوزیم بھی شامل ہے۔ وہ ایک عرصہ تک امر سنگھ کالج کے بھی پرنسپل رہے۔ اُن کے دور میں اس کالج نے خاص ناٹک اور ادبی میدان میں بہت سے کارنامے کئے۔ راقم الحروف کو اُن سے ذاتی قُربت کا شرف بھی رہا ہے۔ وہ اپنے چھوٹے بھائی حسن شاہ صاحب سے مزاج میں بالکل مختلف تھے۔ آزاد خیال آزاررو، ہنس مُکھ، قہقہہ باز اور دوست نواز۔ وہ کلب بھی جاتے تھے اور دوستوں کے ساتھ محفل سازی بھی کرتے۔ آخر میں مجھے کشمیر میں مُتعین رہے مشہور سرجن، جو اپنے وقت کے سب سے قابل ڈاکٹر مانے جاتے تھے۔ ڈاکٹر فضل الرحمٰن مرحوم کی بات یاد آتی ہے۔ جواہر نگر میں اُنکا اپنا مکان تھا اور یہ خاکسار بھی اُسی کے قریب رہتا تھا۔ اس لئے اُن سے بھینٹ ہوتی رہتی تھی۔ وہ شاید صاحبزادہ صاحب کے دور کے رشتے دار بھی تھے۔ مگر وہ اُن کی قابلیت اور دیانتداری کا ذکر بار بار اِس برجستگی سے کرتے تھے کہ سُننے والے کی باچھیں کِھل جاتی تھیں۔ وہ کہتے تھے کہ اُردو لفظ لائق، اُن کے لئے بنا دیا گیا ہے۔ حسن شاہ صاحب نے آخر میں پاکستان ہجرت کرنا مناسب سمجھا۔ مرحوم شیخ محمد عبداللہ صاحب نے مجھ سے کہا کہ جب وہ مجھ سے رُخصت لینے کے لئے آئے۔ تو اُنہوں نے اپنے ساتھ اپنی فیملی کے سونے کے بہت سے بیش قیمت زیورات بھی لائے تھے۔ اُنہوں نے مجھ سے کہا کہ شاید کسٹم والے یہ زیورات مجھے پاکستان لانے کی اِجازت نہ دیں لہٰذا میں انہیں آپ کے سپُرد کرتا ہوں کہ یہ

اوقاف کی نذر کئے جائیں۔ حسن شاہ صاحب نے وہاں راولپنڈی میں قیام کیا اور پروفیسر آف ہسٹری رہے۔ لیکن چند سال کے بعد وہیں وفات پا گئے۔ اُن کی سخت گیری کے ساتھ اُن کی دیانت اُن کا سرمایہ تھا اور آدمی ہر رنگ میں اپنی شان منواتا ہے۔ اُن کے دونوں رنگ انسان کی ہمہ رنگی کی یادگار رہیں گے صاحب زادہ نے اپنے گھر کے سونے چاندی کے زیورات شیخ صاحب کے حوالے کئے اور کہا کہ شاید ہندوستانی کسٹمز کا محکمہ اُنہیں یہ پاکستان نہ لے جانے دے۔ اُنہوں نے شیخ صاحب کو کہا کہ یہ اوقافِ اسلامیہ کے حوالے کئے جائے۔ جس کے شیخ صاحب اُس وقت صدر تھے۔



■ ژھوگ ــــ میانس لوکچارس منز ییٔلہ لوکٹس لڑکس (ستہ پٹھ باہ وہرس) مس اُس کاسان تس اوس سارے نیتھنس کلس منز باگ مس والن ھُند اکھ لوکٹ لوداہ ھیوا کا سنے تھوان تتھ اُس ژھوگ ونان یہ اوس زیادہ پھن بٹن ھُند ریٔواج مگر مسلمانو منز تہ آس واریاہ اُسی ژھوگ تھاوان۔ اکھتے چھ راقمن تہ لوکہ چارس منز یہ تھوٗمت۔ مہجور صاٮ۪بن لیچھ بُلبُلس پٹھ اکھ نظم یتھ منز امیٚوک ذِکر چھُ۔

بلبلو آ کھا صورت بدلا وِتھ
ژہ کتیو ژھوگ راوہ راۓ وِتھا آ کھ

اتھ پھُٹراوِنۍ

ازکل Covid-19 رِکس وۄبہس منز چھُ سۄرے دنیاولنہ آمُت۔ شاید انسانی توارێخس منز چھُ یتھہ کنۍ گوڈنچہ لٹہِ سورے عالم امیُک شکار بنیومت تہٕ پرٛتھ طرفہ چھ ہاہا کار۔ ازکل چھ دوہہ راتھ ریڈیو۔ ٹیلی ویژن بیترِ منزٕ شفاخانن منزٕ ڈاکٹر صاۓب بارودِوان آسان ھیوبێنیو بایو اتھ اٗسی تووزہ وزہ تہ گرِہ گرِہ چھلان۔ اکوے نہ بلکہ دۄ شوے تہ بییہ أندرمہ طرفہ تہ نیبرمہِ اندِتہِ۔ مگر سانہ کاٗشر زبانۍ چھ اتھ خبر کتہٕ پێٹھ پارے دِژمژ۔ عام طور چھ اسی اتھ چھلُن یا صاف کرن ونان۔ یۄدوے دشوے اتھ چھلنۍ آسن۔ تتھ چھ کاٗشر پاٗٹھہ اتھ پھُٹرن ونان تہ یہ چھ سون عام محاورہ۔ پێٹھ چھ کاشر پاٗٹھۍ ھیر مس یا بونہ طرفس ونان۔ پھُٹران گوسورے اتھ تلی تہ پێٹھ رکنۍ دوشوے طرفہو چھلُن۔ اتھ ہبکہ اِنسان اکہ اتھ چھلتھ۔ مگر دوشوے اتھ چھلنہ خاطرِ چھ یم یکہ وٹہ اننۍ پیوان تہ دونوے دِشایٔن صابن لاٗرِگتھ پھُٹرنۍ پیوان۔ کاٗشر زبانۍ ہنرزان کارۍ چھ خالے بییہ کنہ زبانۍ منزتہٕ پانہٕ کاٗشرێن منزتہٕ۔

☆☆☆

کینہہ کاٗشری لفظ

لول۔ عبرانی ٹِکا۔ ترٛکی

رحمان راہی ــــــ کشمیری شاعری کا وستورون ؒ

چند یادیں۔ کچھ تاثرات اور قدرے تفہیم

مجنوں نہ دِشت میں ہے۔ نہ فرہاد کوہ میں
تھا جن سے لطفِ زندگی دے یار مر گئے

پروفیسر رحمان راہی کشمیر میں ادب وثقافت کے میدان میں سب سے زیادہ اعزازات اور انعامات سے پیراستہ بالا قامت ادیب ہیں۔ اور یہ صرف عصری زمانے تک ہی محدود نہیں ہے۔ بلکہ کشمیر کی طویل تواریخ کے متعلق بھی دُرست ہے۔ ساہتیہ اکاڈمی اوارڈ تو اُنہیں بہت پہلے 1959 میں ملا تھا اور اگر میرا حافظ غلطی نہیں کرتا تو یہ کشمیری ادب کی کسی کتاب کے لئے ماسٹر زندہ کول اور اختر محی الدین کے بعد ایسا تیسرا اوارڈ تھا جو اُن کے ایک ابتدائی مجموعہ کلام 'نوروز صبا'' کو ملا تھا۔ اُنکی قریب قریب ہر شایع ہونے والی کتاب کے لئے مقامی کلچرل اکادمی نے اُنہیں مُتعدد انعامات سے نوازا۔ اُنہیں کشمیر سرکار نے اپنے سٹیٹ اوارڈ سے بھی نوازا۔ بعد میں اُنہیں ہندوستان کا سب سے گرانقدر اور بڑا ادبی انعام گیان پیٹھ

بھی عطا کیا گیا۔ جسکو دیسی نوبل پرائز قرار دیا جاتا ہے اور وہ نہ صرف اب تک اس اوارڈ سے سرفراز ہونے والے واحد کشمیری ادیب ہیں بلکہ موجودہ ادبی صورتِ حال کو دیکھ کر ایسا لگتا ہے کہ کشمیری ادب کو ایسے دوسرے اوارڈ کی تحصیل کے لئے مُدتِ مدید تک مُنتظر رہنا پڑیگا۔ حالانکہ کنڈ زبان کو اب تک ایسے ۹ سے زاید اوارڈ کی متاع حاصل ہوئی ہے اور ملیالم کو ۵۔ راہی صاحب کی وجاہت کشمیری زبان تک ہی محدود نہیں رہی بلکہ وہ بہت عرصے تک ہندوستان کے واحد مرکزی سرکار کے رسالے "آج کل" کے بھی اعزازی مدیر نامزد کیئے گئے اور اِس پر اُنکا نام اس حیثیت سے چھپتا رہا۔ اس کے علاوہ وہ اب تک کے واحد کشمیری ادیب ہیں۔ جنہیں مرکزی ساھتیہ اکادمی کی فیلوشپ کا تمغہٴ امتیاز حاصل ہوا۔ اُنہیں پنجاب کی ادبی انجمنوں کے بھی اعزاز حاصل ہوئے مدھیہ پردیش کے ادب نواز دارالخلافہ بھوپال میں بھی اُن کی قدر افزایی کی گئی اور وہاں اُن کو جن اعزازات سے سنوارا گیا۔ اُنکی آگہی بہت کم کو ہے مگر وہ اُنکی اکلوتی اور لاڈلی بیٹی نوشین کی تحویل میں ہیں اُمید ہے کہ جب کبھی وہ انکی نمائش کرینگی تو اُن کے قدردانوں کی آنکھیں اس سے خیرہ ہو جائینگی۔ کشمیر میں ایسی قابلِ ذکر ادبی تنظیم نہیں ہے جس نے اُن کی تعظیم میں اُنہیں اوارڈ نہیں دیئے۔ اعزازات کی بات پہلی آئی کہ ان کی اپنی عطا کے لئے اُن کی کتابیں ہمارے پاس پاس موجود ہیں۔ جن پر اب تک تھوڑا بہت لکھا گیا ہے لیکن میرے خیال میں برسوں آگے تک اِن پر بہت کچھ اور لکھا جائیگا۔ اعزازات تو ٹھیک ہیں لیکن اُنکا اصل امتیاز اور حاصل اُن کا تخلیقی اور تحقیقی سرمایہ ہے جو وہ اپنے پیچھے چھوڑ گئے ہیں۔ اُنہوں نے کشمیری شاعری کو بلاشُبہ ایک نئی حسیت اور ہئیت عطا کی۔ لیکن اُنہوں نے تنقید و تحقیق کو بھی ہمہ رنگ جامعیت بخشی۔ جس کی تفصیل

کا یہ موقع نہیں ہے۔ اس کے علاوہ وہ اپنے زمانے میں 1950ء کے ارگرد کشمیر کلچرل کانگریس سے وابستہ ہونے کے بعد کشمیری شعر گوئی کرنے لگے۔ وہ اس ادارے کے رسالے "کونگ پوش" کی ادارت سے بھی مُنسلک رہے۔ ترقی پسند تحریک کا اُن پر گہرا اثر رہا۔ جسکی گواہی اُن کی ابتدائی نظموں سے ملتی ہے۔ اُنہوں نے بعد میں راقم کو، جس نے کبھی مارکسی خیالات کے فنون میں اطلاق کو تسلیم نہیں کیا۔ بتایا کہ اب بھی جب کچھ لکھتا ہوں تو دیکھتا ہوں۔ اس سے مارکسی افکار پر کوئی حرف نہ آئے۔ اُنکا شاہ کار مجموعہ کلام "سیاہ رود جرین منز" جسکا انگریزی عنوان اُنہوں نے خود کتاب میں under the Dark Down porus رکھا ہے۔ اور جسپر اُنہیں گیان پیٹھ اوارڈ ملا۔ 1997ء میں شایع ہوئی۔ اسکو اُسی سال ۲۲ ستمبر کو اُس وقت کے گورنمنٹ ٹیچرس ٹریننگ کالج جو گورنمنٹ زنانہ کالج امیرا کدل کے نواح میں واقع ہے میں ریلیز کیا گیا۔ اُس وقت کے وزیر تعلیم خواجہ عبدالقیوم آف چرار شریف اور کشمیر یونیورسٹی کے اُس زمانے کے وائیس چانسلر پروفیسر محمد یلیین قادری محفل کے مہمانان خصوصی تھے۔ پروفیسر نسیم شفائی (جو شاید اُس وقت ابھی زیرِ تعلیم تھیں) اس کی پیش کار Anchor تھیں۔ راہی صاحب اس سے قبل لگ بھگ نصف ماہ پہلے میرے غریب خانے پر تشریف لائے تھے۔ اُنہوں نے مجھے یہ کتاب دیتے ہوئے ارشاد کیا کہ کتاب ریلیز کرنے کی تقریب پر میں اس پر اپنے تحریری تاثرات پیش کروں۔ مجھ جیسا اُن کا شیدائی اس احساس کے باوجود کہ میں اس اعزاز کے لائق نہیں تھا۔ اُن کی فرمائیش کو کیسے ٹال سکتا تھا۔ میں نے مقالہ پڑھا جو چھپ تو چکا ہے مگر اس وقت میری دسترس سے باہر ہے۔ مجھے یاد ہے کہ میں نے لکھا تھا کہ یہ کتاب ایسی ہے جو کشمیری زبان کو نوبل

پرائیز کے قریب لاسکتی ہے۔ میں نے یہاں تک لکھا تھا کہ نوبل پرائیز دینے والے چونکہ کشمیری زبان نہیں سمجھ سکتے لہٰذا اسکو دنیا کا یہ بہت بڑا اوارڈ نہیں ملے گا لیکن میں نے نوبل پرائیز حاصل کرنے والی جتنی کتابوں کو پڑھا ہے۔ اُس کے پیش نظر میں اسے اُسی سطح کی دستاویز سمجھتا ہوں۔ ایسا ہوا نہیں۔ لیکن کچھ عرصے کے بعد جب اسکو گیان پیٹھ اوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔ تو مجھے اطمینان ہوا کہ میرا تجزیہ نہ تو غلط تھا اور نہ ہی مبالغہ بہرحال میرے بعد پروفیسر غلام رسول صاحب اور پروفیسر شفیع شوق نے کتاب پر اپنے تاثرات پیش کئے جن میں مجموعے کے مختلف گوشے روشن کے گئے تھے اور اسکو خوب سراہا گیا تھا۔

راہی صاحب کے زمانے میں کشمیری شاعری کو کم از کم تین اور بڑے صدائیں مہکا اور لہکا رہی تھیں۔ پنڈت دینا ناتھ نادم پروفیسر غلا نبی فراق اور محمد امین کامل۔ جن کے اپنے الگ رنگ خاص اُسلوب اور اچھی خوبیاں تھیں اور ظاہر ہے کہ شاعروں کی فطرت میں باہمی چشمک کا ہونا قدرتی ہوتا ہے۔ نادم صاحب نے کشمیر شعر گوئی پہلے شروع کی تھی اور اُن کے زبان پر عبور، اظہار کی روانی اور تخیل کی جولانی نے بہت جلد اپنا لوہا منوالیا یہاں تک کہ مہجور کشمیری نے اُنمیں اپنی جانشینی کے آثار پانے مجھے یاد ہے 1972 میں، میں جب کلچرل اکادمی اک ڈپٹی سکریٹری تھا جسکا دفتر شہید گنج میں واقع تھا۔ ہم نے رسالہ شیرازہ، کا نادم نمبر شایع کرنے کا فیصلہ کیا۔ ہم نادم سے ابتداء کر کے بعد میں فراق اور راہی وغیرہ پر بھی ایسے نمبر شایع کرنے کا ارادہ رکھتے تھے نادم کا پہلے اس لئے کہ وہ ان میں سب سے زیادہ سینئر تھے۔ عمر میں بھی شاعر کی حیثیت سے بھی۔ ہم نے اسکا اعلان کیا تو کچھ دنوں بعد راہی صاحب میرے پاس تشریف لائے۔ اُنکا دوسرے قلمکاروں کی

طرح اس دفتر میں آنا جانا رہتا تھا۔ لیکن آج وہ بڑے خشم کی حالت میں تھے اور اُنھوں نے نادم نمبر نکالنے کی ہماری مساعی پر زبردست احتجاج کرنا شروع کیا وہ اپنی رائے پر اس طرح ڈٹے رہے کہ میری اُنکو قائل کرنے کی کوئی کوشش کامیاب نہیں ہوئی۔ اُنہوں نے کہا کہ اگر ہم نے اس منصوبے کو ترک نہ کیا تو میں اس کے خلاف دستخطی مُہم چلاؤں گا۔ مجھے راہی صاحب کی طرح اُن کی خاطر بھی عزیز تھی۔ اس لئے میں شش و پنج میں پڑ گیا۔ اُدھر میرے خلاف مخالفوں کا لشکرِ جرار بھی گرم تھا۔ اس لئے میرا ارادہ کمزور بھی پڑنے لگا کیونکہ میں ایک اور فتنے کے برپا ہونے سے گھبراتا تھا میں نے اپنے ساتھیوں موتی لال ساقی۔ چمن لال چمن اور بشیر اختر سے مُشاورت کی اور یہطے پایا کہ منصوبے کو فی الحال ٹال دیا جائے۔ یہ پھر 1990 میں ہی رتھے چڑھ سکا جب میں اُس وقت حالات کی مجبوریوں میں کچھ مُستقل طور جموں ہجرت کر گیا۔ اور وہاں اِس قسم کے احتجاج کا اثر نہیں ہوسکتا تھا۔ لیکن اس سے بڑی عجیب بات یہ ہے راہی صاحب نے خود اپنے بارے میں نمبر نکالنے کی ہامی نہیں بھری اور نہ اسکے لئے کوئی آمادگی دِکھائی۔ حالانکہ اس کے لئے انکی اِجازت بار بار طلب کی جاتی رہی۔ یہی وجہ ہے کہ جہاں کلچرل اکادمی نے بہت سے صغیر و کبیر کے بارے میں شیرازہ کے خاص نمبر شایع کئے ہیں۔ اکادمی کے مخزن میں ابھی تک کسی راہی نمبر کا توشہ نہیں ہے اور یہ کمی کھٹکتی ہے۔ راہی صاحب کے کلام کا تنقیدی جائزہ اس وقت مقصود نہیں ہے کہ یہ عرق ریزی اور طوالت دونوں کا تقاضا کرتا ہے لیکن ایک بات جو اندھیارے میں جگنو کی طرح چمکتی ہے۔ یہ ہے کہ راہی نے کشمیری شاعری کو رسول میر سے آگے لے کر دُنیا بھر کی سیر کرائی۔ رسول میر نے کشمیری شاعری کو عجم یعنی (orient) کی فضاؤں، صداؤں،

تشبیہات، استعارات اور مناظر سے سجایا۔ لیکن راہی نے کشمیری شاعری کا مغربی اور occident کی تقریباً جھوٹی بڑی زبانوں سے مصافحہ کرادیا۔ اُن کے یہاں پہلی بار ہمارا شمس فقیر اینگلو امریکن ایزرا پاونڈ سے ہاتھ ملاتا ہے اور ہماری ہی مال یونان کی ھیلن (آف ٹرائے) سے گلے ملتی ہے۔ راہی نے اپنے بڑے ہم عصر نادم کی طرح بہت سی اور تازہ اصناف میں طبع آزمائی نہیں کی لیکن اُس کے یہاں نئی ترکیبات اور سحر کاریوں اور معنی خیزیوں کے پرندے چہچہاتے ہیں۔ نادم نے ہماری شاعری میں سچی اور ادبی کشمیریت کوٹ کوٹ کر بھر دی۔ اسکی مقامیت اور ٹھیٹھ زبان کو اُبھارا میرے خیال میں راہی اور نادم کے درمیان یہ فرق ہے کہ راہی کا تخیل عمودی vertical سمت میں ہوتا ہے اور نادم کا اُفقی Horizontal اور نادم اپنی زمین سے جُڑا رہتا ہے اور اُس کے اشعار میں کشمیر کی مٹی کی سوندھی سوندھی مہک موجود ہے اُس نے شاعری زبان کو کشمیر کی رعنائیوں سے شرابور کر دیا۔ اسی لئے راقم اُن کو دوسرے ہم عصروں سے زیادہ کشمیر نواز کشمیری پسند اور خالص کشمیری سمجھتا ہے۔ اُس نے کشمیری زبان کے پہلی بار آپیرا opera لکھے اس کے ساینٹ لکھے۔ اور دوسری اصناف کے طاؤس رقص آمادہ کیے۔ لیکن وہ بھی راہی کی سلیقہ مندی اور اسلوب نوازی کا قدر شناس تھا۔ وہ خود اپنی ایک نظم میں کہتا ہے۔ میہ چھم راہین شار ٹاٹھی (مجھے راہی کے اشعار دل کو لگتے ہیں۔) لیکن افسوس وہ راہی کی سب سے زیادہ بلیغ شعری کتاب 'سیاہ رودہ جرین، کو دیکھ نہ سکا کہ وہ اس کی اشاعت سے سات آٹھ سال قبل ۷۳ سال کی عمر میں انتقال کر چکا تھا۔ جو کچھ بھی ہو وہ اپنی گونا گوں خوبیوں کی وجہ سے راہی، کامل اور فراق کے ساتھ کشمیری زبان کے اگر سر کردہ نہیں تو بھی سب سے قد آور سخنوروں میں شمار کئے

جاتے رہیں گے۔

راہی صاحب کی نقادانہ بصیرت کے مجھے چند واقعات یاد آرہے ہیں۔ کشمیری سامعین ہمارے شاندار سخن گو رحمان ڈار کا شش رنگ صدی بھر سے سُنتے آئے ہیں اور جب تک کشمیری زبان رہیگی اسکو سُنتے رہیں گے۔ اسکو عام طور کچھ دوسرے کشمیری گیتوں کی طرح ایک میٹھا نغمہ سمجھا جاتا تھا۔ جب بیسویں صدی کے نصف آخر میں مشہور کشمیری گلوکار غلام احمد صوفی نے۔۔۔ اسے اپنے ساتھیوں کے ساتھ ایک خاص طرز میں گایا۔ تو سب سے پہلے راہی صاحب نے اس پر ایک پُر مغز مقالہ لکھ کر شائع کرایا۔ جسمیں اسکی نغمگی اور رسیلے پن کے ساتھ اس کی فنی پختگی، اس کی معنوی تہہ داری، اس کے جنسی Erotic تلازموں اور اس کی خاص لفظی فصاحت کو دریافت کیا تو اُس کے نتیجے میں اسکو کشمیری ادب کے چند سب سے اچھے بے مثال شاہکاروں میں لگ بھگ سرفہرست قرار دیا گیا یہ ایک ایسی مثال بن گیا۔ جیسے انگریزی ادب میں کولرج کی کچھ نظمیں قرار دی جاتی ہیں۔ اس کا ایسا اثر ہوا کہ بہت سے ادیبوں نے جن میں یہ فقیرِ حقیر بھی شامل ہے۔ اسپر مضامین لکھے اور اپنے اپنے انداز سے اس کے رنگا رنگ پہلوؤں کو آشکار کیا اور اس طرح راہی صاحب کا نورِ بصیرت عام ہوگیا۔ اسی طرح اُنہوں نے کشمیری ادب کی چاسر یعنی لل دید کیبعض واکھوں کی عام روش سے ہٹ کر تشریح و تفسیر کی۔ اور اس کے بعض انوکھے اور نرالے مفاہیم اور طرزِ ادا کی کھوج کی راہی کو علم وعروض کا بھی گہرا عرفان تھا۔ میرے خیال میں میر غلام رسول نازکی کے علاوہ کوئی دوسرا کشمیری سخن ور اس کمال میں اُن کے پاس نہیں بھٹک سکتا۔ وہ نادم اور کامل جیسے بڑے شعراء کے کچھ چیدہ اشعار کی اس طرح تقطیع کرتے کہ واقعی اُن کے وزن کا سُقم اور بحر کی

لاپروائی سامنے آجاتی۔اس سلسلے میں اُن کی ایک کتاب بھی اُن کی اس نکتہ شناسی کا ماجرا بیان کرتی ہے۔ جو کشمیری شاعری کے خاص عروض کے منظر کو بھی اُبھارتی ہے۔راہی نے کشمیری میں نظم کی پرداخت کی اور اسکو عالمی سطح پر لانے کی سعی کی۔ یہ کشمیری مزاج کو کتنا راس آیا اور کس قدر غیریت کے انداز رکھتا ہے اسپر بڑی طویل بحث کی جاسکتی ہے۔اگرچہ کسی قدر مُبہم شاعری کے نمونے یہاں دوسرے شاعروں کے علاوہ سوچھ کرال کے دوپیٚومے بالہ یارس یٲرِ لاگو' کے یہاں بھی ملتے ہیں۔لیکن ابہام کوشعری جذبے کا ذریعہ اظہار بنانے کا کام راہی نے ہی مکمل کیا۔اُسکی اکثر نظمیں عام قاری اور کچھ سُلجھے ہوئے پڑھنے والوں کے لئے اب بھی مُبہم ہیں اور شائد بہت مُدت تک اُسی زمرے میں رہیں گی۔ان میں مشرقی اور مغربی طرز کلام کو اس طرح گوندھا گیا ہے کہ قاری بڑی حد تک confuse ہوجاتا ہے۔یہ بات اس امر کی دلیل ہے کہ راہی اپنے وقت سے ذرا پہلے کا شاعر تھا اور شاید ہمارے آنے والے قاری اُس سے زیادہ محظوظ ہونگے۔

راہی کی ایک اور خصوصیت مُتعدد اصنافِ سخن پر اُن کی گرفت تھی۔اُنہوں نے کشمیر یونیوسٹی کا ترانہ لکھا۔وہ ایک ایسا جمالیاتی اور تواریخی بیانیہ ہے کہ اُس کو سُن کر کشمیر کے قدرتی رُوپ سروپ کے علاوہ اس کے مشاہیر کا ذکر کچھ اس برجستہ انداز سے کرلیا گیا ہے کہ سُننے والے کا سر فخر سے تن جاتا ہے۔علی گڈھ یونیورسٹی جیسی قدیم اور عظیم یونیورسٹی کا ترانہ لکھنو کے شاعر اسرارالحق مجاز نے لکھا ہے اور خوب لکھا ہے اور اس کی اہلِ نظر نے توصیف بھی کی ہے۔لیکن میں اپنی کم مائیگی کا احساس کرنے کے باوجود وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ راہی کا ترانہ مجاز کے ترانے پر بازی لے جاتا ہے۔کہ میں نے دونوں ترانے بار بار سُنے ہیں۔اسی طرح راہی صاحب

نے کشمیری زبان کا بھی ایک پیارا سا نغمہ لکھا ہے۔ جسمیں ہمارے عظیم شہنشاہ للتادت اور رسول میر کی کونگی کا بھی برجستگی سے ذکر موجود ہے۔ میرا خیال ہے کہ ایسے ترانے لکھنے کی استعداد کسی دوسرے کشمیری شاعر میں نہیں تھی۔ انمیں نغمگی بھی ہے رعنائی بھی اور حبِ وطن کی گہرائی بھی۔

جیسا کہ راقم پہلے لکھ چکا ہے کہ راہی اپنے وقت سے بہت آگے تھا اسکی کچھ غزلیں عوام پسندی کی سند بھی حاصل کرچکی ہیں۔ لیکن مجموعی طور وہ اُردو کے مرزا غالب کی طرح طبقہ خواص میں رہتا ہے اور اُس کے متعلق اُردو کے میر تقی میر کا یہ شعر اعتماد و اعتبار کے ساتھ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

شعر میرے ہیں گو خواص پسند　　　پر مجھے گفتگو عوام سے ہے



حواشی

